futuretopper.in

Series GBM/1

SET-3

کوڈ نمبر
Code No. **251/1/3**

رول نمبر
Roll No.

Candidates must write the Code No. on the title page of the answer-book.

- برائے کرم چیک کیجیے کہ اس سوال کے پرچہ میں چھپے ہوئے صفحات **8** ہیں۔
- سوال کے پرچہ کی داہنی طرف کوڈ نمبر لکھا ہوا ہے جو طلباء کو اپنی جواب کاپی کے اُوپر لکھنا ہے۔
- برائے مہربانی چیک کیجیے کہ سوال کے پرچہ میں **30** سوال ہیں۔
- **برائے مہربانی سوال کا جواب لکھنے سے پہلے سوال کا سریل نمبر ضرور جواب کاپی میں لکھیں۔**
- سوال کا پرچہ پڑھنے کے لیے 15 منٹ کا وقت دیا گیا ہے۔ سوال کے پرچہ کو صبح 10.15 بجے تقسیم کیا جائے گا۔ 10.15 سے 10.30 بجے تک طلباء صرف پرچہ پڑھیں گے اور اس وقفے کے دوران وہ جواب کاپی پر کچھ نہیں لکھیں گے۔

- Please check that this question paper contains **8** printed pages.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **30** questions.
- **Please write down the serial number of the question before attempting it.**
- 15 minutes time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10. 15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

معاشیات

ECONOMICS

(Urdu Version)

حاصل وقت : 3 گھنٹے

Time allowed : **3** hours]

بیش ترین کل نمبر : 100

[Maximum marks : **100**

[P.T.O.

Official CBSE question paper from cbse.gov.in | futuretopper.in
futuretopper.in is not linked to or endorsed by CBSE

عام ہدایات :

(i) دونوں سیکشنوں کے **سبھی** سوال **لازمی قسم** کے ہیں۔

(ii) ہر سوال کے لئے مخصوص نمبر اس کے سامنے درج ہیں۔

(iii) سوال نمبر **1** سے **5** اور **16** سے **20** نمبر کے سوال بہت چھوٹے جوابوں والے اور **ایک ایک** نمبر کے ہیں۔ ان کے جواب فی سوال **ایک ایک فقرہ** میں دیئے جا سکتے ہیں۔

(iv) سوال نمبر **6** سے **8** اور **21** سے **23** نمبر کے سوال بھی چھوٹے جوابوں والے ہیں۔ ان کے جواب عام طور پر فی سوال **60** الفاظ تک ہو سکتے ہیں۔ یہ سوال **تین تین** نمبروں کے ہیں۔

(v) سوال نمبر **9** سے **11** اور **24** سے **26** نمبر کے سوال بھی چھوٹے جوابوں والے ہیں۔ ان کے جواب عام طور پر فی سوال **70** الفاظ تک ہو سکتے ہیں۔ یہ سوال **چار چار** نمبروں کے ہیں۔

(vi) سوال نمبر **12** سے **15** اور **27** سے **30** نمبر کے سوال فی سوال **چھ چھ** نمبروں کے ہیں۔ ان سوالوں کے جواب فی سوال عام طور پر **100** الفاظ تک ہو سکتے ہیں۔

(vii) آپ کے فی سوال جواب مختصر اور صحیح ہونے چاہئیں اور مذکورہ بالا حد کے اندر ہوں۔

Official CBSE question paper from cbse.gov.in | futuretopper.in
futuretopper.in is not linked to or endorsed by CBSE

سیکشن۔A

1. جیسے جیسے ایک نیچے کی طرف ڈھال والی خطہ مستقیم مانگ خمیدہ پر ہم بائیں سے دائیں چلتے ہیں، مانگ کی قیمت لچک : 1
(صحیح متبادل کا انتخاب کیجئے)
(a) قائم رہتی ہے
(b) گرتی جاتی ہے
(c) بڑھتی جاتی ہے
(d) شروع میں گرتی ہے، پھر بڑھتی ہے

2. بازار مانگ کی تعریف کیجئے۔ 1

3. خرچ کاری کے ذریعے ناپے جانے پر ایک چیز کی مانگ غیر لچکدار ہے۔اس کی قیمت میں کمی کا نتیجہ ہوگا : 1
(صحیح متبادل کا انتخاب کیجئے)
(a) اس کے اوپر خرچ میں کوئی تبدیلی نہیں ہوگی
(b) اس کے اوپر خرچ میں اضافہ ہوگا
(c) اس کے اوپر خرچ میں کمی ہوگی
(d) مندرجہ بالا میں سے کوئی ایک

4. چند اجارہ داری کی کوئی ایک خصوصیت بتایئے۔ 1

5. اوسط محاصل اور قیمت ہمیشہ مساوی ہوتے ہیں : 1
(صحیح متبادل کا انتخاب کیجئے)
(a) صرف مکمل مسابقت ہیں
(b) صرف اجارہ دارانہ مسابقت میں
(c) صرف اجارہ داری میں
(d) بازار کی تمام شکلوں میں

6. 'کیسے پیدا کریں' کے مسائل کی وضاحت کیجئے۔ 3

Official CBSE question paper from cbse.gov.in | futuretopper.in
futuretopper.in is not linked to or endorsed by CBSE

7. پیداوار کی امکانی حد کے معنیٰ اور خصوصیات بیان کیجئے۔ 3

8. افادیتی تجزیہ کی مدد سے دِکھایئے کہ ایک شے کی مانگ اور اس کی قیمت میں منفی تعلق ہوتا ہے۔ سمجھایئے۔ 3

یا

خطہ بے نیازی کی ڈھلان منفی کیوں ہوتی ہے۔ سمجھایئے۔

9. ایک مثال کی مدد سے بدل کی حاشیائی شرح کا مطلب سمجھایئے۔ 4

10. کل پیداوار کی بنیاد پر متغیر تناسب کے قانون کے مختلف مراحل بیان کیجیے۔ ڈائگرام کا استعمال کیجئے۔ 4

یا

رسد کی قیمت لوچ کی پیمائش کے لیے جیومیٹری طریقہ کی وضاحت کیجئے۔ ڈائگرام کا استعمال کیجئے۔

نابینا امیدواروں کے لئے سوال نمبر 10 کی جگہ :

متغیرہ تناسب کے قانون کے مختلف مراحل جدول کی مدد سے تبایئے۔

یا

'رسد میں تبدیلی' اور 'رسد کی کمیت میں تبدیلی' کے درمیان فرق واضح کیجئے۔

11. اجارہ دارانہ مسابقت کی 'فرموں کے آزادانہ دخول اور خروج' خاصیت کے نتائج کی وضاحت کیجئے۔ 4

12. مندرجہ ذیل جدول کو مکمل کیجئے۔ 6

پیداواری (اکائیاں)	کل لاگت (روپئے)	اوسط متغیرہ لاگت (روپئے)	حاشیائی لاگت (روپئے)	اوسط غیر متغیرہ لاگت (روپئے)
0	30			
1	---	---	20	---
2	68	---	---	---
3	84	18	---	---
4	---	---	18	---
5	125	19	---	6

Official CBSE question paper from cbse.gov.in | futuretopper.in
futuretopper.in is not linked to or endorsed by CBSE

13. شے y شے x کا بدل ہے۔ y کی قیمت گھٹ جاتی ہے۔اس تبدیلی سے x کے بازار میں ہونے والے سلسلہ وار اثرات کو بیان کیجئے۔ 6

یا

ایک شے کی زائد رسد کے اس کی توازن قیمت پر ہونے والے سلسلہ وار اثرات کو بیان کیجئے۔

14. ایک شے x کی قیمت جب 10 فیصد کم ہوتی ہے تو اس کی مانگ 150 سے 180 اکائیوں تک بڑھ جاتی ہے۔اس شے کے لئے مانگ کی قیمت لوچ کا حساب لگائیے۔اس کی قیمت میں کتنے فیصد گراوٹ ہوتا کہ اس کی مانگ 150 سے 210 اکائیوں تک ہو جائے۔ 6

15. حاشیائی لاگت اور حاشیائی محاصل طریقہ کا استعمال کرتے ہوئے پیداوار کی وہ سطح دریافت کیجئے جہاں پیدا کار توازن میں ہوگا۔اپنے جواب کے لئے وجہ بتائیے۔ 6

پیداوار (اکائی)	1	2	3	4	5	6
حاشیائی محاصل (روپئے)	20	20	20	20	20	20
کل لاگت (روپئے)	22	42	60	76	96	120

Official CBSE question paper from cbse.gov.in | futuretopper.in
futuretopper.in is not linked to or endorsed by CBSE

سیکشن۔B

16. مجموعی مانگ کو بڑھایا جاسکتا ہے۔(صحیح متبادل کا انتخاب کیجئے) 1

(a) بینک ریٹ بڑھا کر

(b) ریزرو بینک آف انڈیا کے ذریعہ سرکاری سیکوریٹز فروخت کر کے

(c) نقد ریزرو تناسب بڑھا کر

(d) مندرجہ بالا میں سے کوئی نہیں

17. غیر رضا کارانہ بے روزگاری کا معنٰی بتایئے۔ 1

18. ادائیگی توازن کا مطلب بتایئے۔ 1

19. کمرشیل بینکوں کو اپنی جمع رقم کا جو تناسب ریزرو بینک آف انڈیا کے پاس رکھنا ہوتا ہے اسے : 1
(صحیح متبادل کا انتخاب کیجئے)

(a) قانونی سیالیت تناسب کہتے ہیں

(b) جمع تناسب کہتے ہیں

(c) ریزرو نقد تناسب کہتے ہیں

(d) قانونی ریزرو تناسب کہتے ہیں

20. مالیاتی خسارہ کیا ہوتا ہے؟ 1

21. آخری اشیاء اور درمیانی اشیاء کے درمیان فرق واضح کیجئے۔ ہر ایک کی ایک ایک مثال دیجئے۔ 3

22. زر کے قیمت ذخیرہ کام کی وضاحت کیجئے۔ 3

یا

زر کی رسد کا معنٰی اور اس کے عناصر بتایئے۔

23. ٹیکس کو راست ٹیکس اور بالواسطہ ٹیکس میں درجہ بند کرنے کی بنیاد کی وضاحت کیجئے۔ مثالیں دیجئے۔ 3

Official CBSE question paper from cbse.gov.in | futuretopper.in
futuretopper.in is not linked to or endorsed by CBSE

24. مرکزی بینک کا 'سرکار کا بینکر' کام کی وضاحت کیجئے۔ 4

یا

زر کی رسد کو کنٹرول کرنے میں رِزَرس ریپوریٹ کی کارکردگی بیان کیجئے۔

25. واضح کیجئے کہ کس طرح سرکاری بجٹ آمدنی کی تقسیم کو متاثر کرسکتا ہے؟ 4

26. ایک معیشت متوازن ہے۔ مندرجہ ذیل اعداد و شمار سے آزادانہ صرف کا حساب لگائیے۔ 4

(i) آمدنی = 10,000

(ii) بچت کا حاشیائی رجحان = 0.2

(iii) سرمایہ کاری = 1,500

27. ملک کے فلاحی اشاریہ کی شکل میں کل گھریلو پیداوار کی 'غیر۔زری مبادلہ' حد کی وضاحت کیجئے۔ 6

یا

ملک کی گھریلو پیداوار کا تخمینہ لگاتے وقت آپ مندرجہ ذیل کے ساتھ کیا معاملہ کریں گے۔

اپنے جواب کے لئے وجہ بتائیے :

(a) ملکی بینکوں کا غیر ملکی برانچوں کے ذریعہ حاصل نفع

(b) روزگار دہندہ کے ذریعہ اپنے ملازمین کو یومِ آزادی پر دئے گئے تحائف

(c) غیر ملکی سیاحوں کے ذریعہ خریدا گیا سامان

28. مان لیجئے سرمایہ میں 'اضافہ' 900 کروڑ روپئے ہے اور صرف کا حاشیائی رجحان 0.6 ہے، توضارب کا عمل واضح کیجئے۔ 6

Official CBSE question paper from cbse.gov.in | futuretopper.in
futuretopper.in is not linked to or endorsed by CBSE

29. (a) بازار قیمت پر خالص قومی پیداوار اور

(b) کل قومی قابل صرف آمدنی کا حساب لگائیے۔ 6

		(روپئے کروڑوں میں)
(i)	کل گھریلو قائم پونجی کی تشکیل	400
(ii)	نجی آخری صرف خرچ	8000
(iii)	سرکاری آخری صرف خرچ	3000
(iv)	اسٹاک میں تبدیلی	50
(v)	قائم پونجی کا صرف	40
(vi)	خالص بالواسطہ ٹیکس	100
(vii)	خالص برآمدات	(–) 60
(viii)	عامل لاگت پر غیر ممالک کو آمدنی	(–) 80
(ix)	عامل لاگت پر بیرونی ممالک سے آمدنی	100
(x)	منافع	100

30. غیر ملکی زر کی قیمت بڑھنے پر اس کی مانگ کم کیوں ہو جاتی ہے اور رسد کیوں بڑھتی ہے؟ وضاحت کیجئے۔ 6

Official CBSE question paper from cbse.gov.in | futuretopper.in
futuretopper.in is not linked to or endorsed by CBSE